# تعلقات عامہ دفتر

## جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

April, 17, 2025

پریس ریلیز

### شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے جامعہ میں نئے قائم شدہ دماغی صحت کے فروغ کی اکائی کا افتتاح کیا

پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے، پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل جامعہ ملیہ اسلامیہ، ڈین، فیکلٹی آف سوشل سائنسز، پروفیسر محمد مسلم خان کی موجودگی میں شعبہ نفسیات، جامعہ ملیہ اسلامیہ میں نئے قائم شدہ مینٹل ہیلتھ پروموشن یونٹ کا افتتاح کیا۔اس موقع پر طلبہ کے ساتھ بڑی تعداد میں یونیورسٹی کے عہدیداران اور مختلف شعبوں کے صدور موجود تھے۔

شعبہ اعلی تعلیم، وزارت تعلیم حکومت ہند نے نومبر دو ہزار چوبیس میں حیدرآباد میں منعقدہ فرسٹ نیشنل ویل بیئنگ کنکلیو میں دماغی صحت کے فروغ کی اکائی قائم کی تھی۔ یہ فروغ کی اکائی ہے جس کا مقصد دماغی صحت کی حساسیت بخشی سے متعلق سرگرمیاں انجام دینا نیز فیکلٹی اراکین اور ریسرچ اسکالروں کی مدد سے دماغی صحت کے مسائل سے دوچار طلبہ کو ابتدائی نفسیاتی مدد بہم پہنچانا ہے۔

ایک روسٹر تیار کیا گیا ہے جس میں ریسرچ اسکالر اور فیکلٹی اراکین یونٹ میں دماغی صحت سے متعلق پریشانی میں مبتلا آنے والے طالب علم کی نگہ داشت کے لیے ہوں گے۔ یونٹ میں بڑے اور اہم اداروں کی ڈائریکٹری ہے جہاں سنگین معاملات کو ریفر کیا جا سکتا ہے اور یہ ٹسٹ آلات سے بھی آراستہ ہے۔

شیخ الجامعہ نے دماغی صحت فروغ اکائی کے قیام پر مسرت کا اظہار کیا اور اسے جامعہ کے طلبہ کے لیے وقف کردیا۔اس موقع پر اپنے خطاب میں انھوں نے کہا کہ یہ اکائی اعلی تعلیمی دانش گاہوں میں طلبہ کی دماغی صحت کی اہمیت کا تسلیم کرتی ہے۔

انھوں نے کہا کہ وہ پر امید ہیں کہ جن طلبہ کو دماغی صحت کے مسائل درپیش ہوں گے وہ کیمپس میں اس سے استفادہ کرسکتے ہیں۔ پروفیسر آصف نے صدر شعبہ اور دیگر فیکلٹی اراکین ایسے اہم اور بامعنی پہل کے ساتھ ساتھ کونسلنگ سیشن میں رضا کارانہ طور پر شامل ہونے کے لیے مبارک باد دی۔

پروفیسر رضوی نے اس اکائی کے قیام پر انتہائی اطمینان کا اظہار کیا اور دماغی صحت سے متعلق مسائل سے نمٹنے کے لیے شعبے کی کوششوں کے لیے مبارک باد دی۔انھوں نے کہا کہ اس اکائی میں جو سہولیات میسر ہیں ان کی خوب تشہیر ہونی چاہیے تا کہ

جامعہ کے طلبہ ایسی خدمات سے استفادہ کرسکیں۔ پروفیسر محمد مسلم خان، ڈین، فیکلٹی آف سوشل سائنسز اور چیف پراکٹر پروفیسر نوید جمال نے بھی ایسے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے یونیورسٹی میں دماغی صحت کی سہولیات کی اہمیت پر زور دیا۔صدر شعبہ نفسیات پروفیسر شیما علیم نے پروگرام میں شرکت کے لیے تمام باوقار مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور شعبے میں جامع اور اہم سہولت کے قیام کے سلسلے میں سخت کوشش کرنے کے لیے رفقائے کار کا بھی شکریہ ادا کیا۔

پروفیسر صائمہ سعید

چیف، تعلقات عامہ افسر، جامعہ ملیہ اسلامیہ